خبروں کا اعلامیہ

# مریضوں کی دیکھ بھال کو بہتر بنانے کے لیے اے ایچ ایس (AHS) میں اصلاحات

17نومبر، 2022 میڈیا انکوائریز

## فوری کارروائیاں شروع ہو رہی ہیں جو ای ایم ایس (EMS) کے تیز تر اوقات، ایمرجنسی روم کے انتظار کے اوقات میں کمی اور البرٹنز کے لیے جراحی کے کاموں کے انتظار کے اوقات میں کمی کا باعث بنیں گی۔

البرٹا کے پاس دنیا کے بہترین صف اول کے صحت کی دیکھ بھال کے کارکنان (فرنٹ لائن ہیلتھ کیئر ورکرز ) ہیں اور البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے صحیح مدد فراہم کرنے کے لیے کام کرے گی کہ البرٹا کے باشندوں کو وہ دیکھ بھال حاصل ہو جس کی انھیں ضرورت ہے جب اور جہاں انھیں ضرورت ہو۔ اس وقت، صوبے کا صحت کی دیکھ بھال کا نظام بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے سے قاصر ہے اور حکومت اس سے نمٹنے کے لیے کارروائی کر رہی ہے۔

"ڈاکٹروں، نرسوں، پیرامیڈیکس اور دیگر صف اول کے عملوں (فرنٹ لائن ا سٹاف) کے بہترین کام کے باوجود، ہمارے پورے نظامِ صحت میں مریض بہت لمبے اوقات تک انتظار کر رہے ہیں۔ ہمیں رسائی کو بہتر بنانے کے لیے مزید فوری کارروائی کی ضرورت ہے۔ البرٹنز اے ایچ ایس (AHS) کے اندر جوابدہی چاہتے ہیں اور وہ جاننا چاہتے ہیں کہ ایک عالمی معیار کا صحت کا نظام اور نگہداشت کی سطح اس وقت دستیاب ہو جب انہیں اس کی ضرورت ہو۔ "

*ڈینیئل اسمتھ ، پریمیئر*

اے ایچ ایس (AHS) کےاصلاحاتی منصوبے کے پہلے قدم کے طور پر، ڈاکٹر جان کوول (Dr. John Cowell) کو کل وقتی آفیشل ایڈمنسٹریٹر مقرر کیا گیا ہے اور وہ موجودہ پارٹ ٹائم البرٹا ہیلتھ سروسز (AHS) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جگہ لیں گے۔ ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) براہ راست پریمیئر اور وزیر صحت کو رپورٹ کریں گے۔

ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) چار اہداف کو پورا کرنے کے لیے اے ایچ ایس (AHS) کے عبوری سی ای او (CEO) ماؤرو چیس (Mauro Chies) کے ساتھ براہ راست کام کریں گے:

## ای ایم ایس(EMS) کے جواب کے اوقات کو بہتر بنائیں

صحت کی دیکھ بھال سے متعلق ہنگامی صورتحال کا سامنا کرنے والے البرٹنز ہسپتال پہنچائے جانے کے لیے، فی الحال البرٹا کے اعلیٰ تربیت یافتہ اور پیشہ ور پیرامیڈیکس اور ای ایم ٹیز (EMTs) کے آنے کا انتظار کر تے ہیں ۔ البرٹنز کے خدشات اپنی دیکھ بھال کے معیار کے بارے میں نہیں ، بلکہ اس نگہداشت کو حاصل کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے، اس بارے میں ہیں۔ اس بات کی یقین دہانی کے لیے کہ البرٹنزکو متحرک ایمرجنسی طبی دیکھ بھال (موبائل ایمرجنسی میڈیکل کیئر) تک بہتر رسائی ہے، ڈاکٹر کوول(Dr. Cowell) چار اہم چیزوں کو پورا کرنے کے لیے کام کریں گے :

- ایمرجنسی رومز میں تیز رفتاری سے (fast-track) ایمبولینس کی منتقلی ، تاکہ پیرامیڈیکس مزید کالوں کے لیے دستیاب ہوں۔
- غیر ہنگامی طور پر ایک سہولت گاہ سے دوسری سہولت گاہ تک کی منتقلی کے لیے نقل و حمل کے زیادہ مناسب طریقے استعمال کریں۔
- مریض کی ضرورت کی بنیاد پر 911 سے ہیلتھ لنک پر سٹیپ ڈاؤن کالز کے لیے ای ایم ایس (EMS) ڈسپیچ کو بااختیار بنائیں۔
- پیرا میڈیکس کو ایمرجنسی میں مریضوں کی تقدیم کی ترتیب دینے (ٹریاج کرنے) کے لیے با اختیار بنائیں ، کہ آیا مریض کو ایمبولینس کے ذریعے ای آر (ER) منتقل کرنے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

ای ایم ایس (EMS) کے جوابی اوقات کے ساتھ ہونے والی پیش رفت کو ٹریک کرنے اور اقدامات کی کامیابی کی پیمائش کرنے کے لیے، البرٹا ہیلتھ چار طریق پیمائش (میٹرکس) کو دیکھے گا :

- 911 پر کال کرنے سے لے کر ایمبولینس کے پہنچنے تک کا وقت
- ای آر (ER) میں مریض کو ایمبولینس سے اتارنے کے اوقات
- ایمبولینس کے ذریعے سنبھالے جانے والی کم ضروری کالوں کی تعداد
- ان کالوں کی تعداد جو 911 سے' کم' ('اسٹیپڈ – ڈاؤن') کر کے ہیلتھ لنک کو دی گئی ہوں

## ای آر (ER) میں انتظار کے اوقات کو کم کریں

طبی نگہداشت کے ضرورت مند البرٹنز کو مقامی ایمرجنسی رومز میں ناقابل قبول طویل انتظار کے اوقات کا سامنا ہے۔ ڈاکٹروں، نرسوں اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے دیگر پیشہ ور افراد کی مہارت اور ہمدردی کی بدولت، البرٹنز کو بہترین دیکھ بھال ملتی ہے، لیکن اسے حاصل کرنے میں بہت زیادہ وقت لگ رہا ہے۔ البرٹا کی حکومت نے ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) پر طبی علاج تک رسائی کو بہتر بنانے کی ذمہ داری سونپی ہے، جو کہ دو بنیادی طریقوں سے حاصل ہو گی:

- سائٹ پر مریضوں کی دیکھ بھال اور انتظام کو بہتر بنانے کے لیے مزید صحت سے متعلق پیشہ ور افراد کو شامل کرنا۔

- زیادہ تعداد میں مریضوں کو ہسپتال کے بستروں سے منتقل کر کے دیکھ بھال کی زیادہ مناسب جگہوں میں منتقل کرنا، جیسے گھر کی دیکھ بھال(ہوم کیئر)، طویل مدتی اور مسلسل نگہداشت کی سہولت گاہیں۔

ان اقدامات کی کامیابی کی پیمائش کرنے کے لیے، حکومت ایک مریض کے ای آر (ER) میں داخل ہونے سے لے کر اس کی ضرورت کے مطابق، مناسب سطح کی دیکھ بھال حاصل کرنے تک کے وقت تک کے دورانیے کا پتہ لگائے گی ۔

## سرجری کے انتظار کے اوقات کو کم کریں

تقریباً 68,400 البرٹنز اس وقت اپنی صحت اور اپنے معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے سرجری کے منتظر ہیں۔ یہ تعداد عالمی وباء کے عروج پر انتظار کرنے والے 81,000 البرٹنز کی نسبت کم ہے ،لیکن اب بھی قبل از عالمی وباء کے 68,000 کی سطح سے زیادہ ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ ہر ایک کو اپنی ضرورت کے مطابق طریقہ کار زیادہ بروقت حاصل ہو پائے، ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) کو اے ایچ ایس (AHS)کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے تاکہ وہ، خاص طور پر دیہی علاقوں کے نا کافی استعمال ہسپتالوں، اور چارٹرڈ سرجیکل سہولت گاہوں میں جراحی کے کاموں (سرجریز) میں نمایاں اضافہ کریں۔

اس اقدام کی کامیابی کی پیمائش کرنے کے لیے، البرٹا ہیلتھ درج ذیل طریق پیمائش( میٹرکس) پر غور کرے گا :

- اے ایچ ایس (AHS) ہسپتالوں میں آپریٹنگ رومز کے استعمال کی شرح
- طبی لحاظ سے قابل قبول انتظار کے اوقات میں ہونے والی جراحی کے اعمال ( سرجریز) کا تناسب
- جراحی کے عمل (سرجری) کے انتظار کے اوقات

## فرنٹ لائن ورکرز کے ساتھ مشاورت کے ذریعے طویل مدتی اصلاحات تیار کریں

البرٹا کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کو درست کرنے کے لیے فوری کارروائی اور طویل مدتی کام دونوں کی ضرورت ہے۔ اگرچہ کچھ نتائج زیادہ تیزی سے نظر آئیں گے، البرٹا کے صحت کی دیکھ بھال کے نظام کی طویل مدتی پائیداری کے لیے، مزید بنیادی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) پر اس بات کو یقینی بنانے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ برسوں تک اور آنے والی نسلوں تک، البرٹنز اپنے عوامی طور پر فنڈ سے چلنے والے صحت کی دیکھ بھال کے نظام پر بھروسہ کر سکیں گے، جب اور جہاں انہیں ضرورت ہو۔ ایسا کرنے کے لیے، ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) درج ذیل اقدامات پر کام کریں گے:

- مقامی سطح اور مقامی صحت کے پیشہ ور افراد پر فیصلہ سازی ذمہ داداری کو بحال کریں۔

- مزید طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے علاقائی اختراع کی ترغیب دیں۔
- البرٹا میں صحت کی دیکھ بھال کرنے والے، معقول حد تک زیادہ پیشہ ور افراد کو راغب کریں۔

طویل مدتی اصلاحات کا مطلب یہ ہوگا کہ نتائج فوری طور پر دستیاب نہیں ہوں گے۔ تاہم، طویل مدتی اصلاحات پر پیش رفت اور کامیابی کا پتہ صحت کی خدمت کے انتظار کے اوقات اور صحت کے پیشہ ور سے آبادی کے تناسب (health professional-to-population ratios) سے لگایا جائے گا۔

اے ایچ ایس (AHS) کے آفیشل ایڈمنسٹریٹر کے طور پر، ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) البرٹنز کی صحت کو اولین ترجیح کے طور پر رکھتے ہوئے ، موجودہ اے ایچ ایس (AHS) گورننس ماڈل کے مقابلے میں بہت زیادہ ضروری تبدیلی لانے کے قابل ہوں گے۔ ڈاکٹر کوول (Dr. Cowell) اے ایچ ایس (AHS) کے اصلاحاتی منصوبے کے ذریعے ہونے والی پیش رفت کے بارے میں 90 دنوں میں البرٹنز کو رپورٹ کریں گے۔

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں